سوال

امام کا خطبہ کے لیے بیٹھنا اور لوگوں کا جزاک اللہ خیرا کہنا

جواب

سوال : بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ جب امام صاحب جمعہ نماز کا خطبہ دے لیتے ہیں اور بیٹھنے لگتے ہیں تو لوگ "جزاک اللہ خیرا" کہتے ہیں۔ کیا یہ سنت طریقہ ہے۔ اور کیا اس میں کوئی حرج ہے۔

جواب : اس موقع پر اپنے لیے یا خطیب کے لیے یا کسی بھی کے لیے دعاء کی جا سکتی ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ یہی وقت مقبولیت کا وقت ہو۔
اور "جزاک اللہ خیرا" بھی ایک دعاء ہی تو ہے۔
لیکن یہ بات یاد رہے کہ بآواز بلند دعاء کرنا اللہ تعالی نے منع فرمایا ہے :

ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ [الأعراف : 55]

اپنے رب سے تضرع کے ساتھ اور چپکے چپکے دعاء مانگو، یقینا وہ حد سے پھلانگنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔